# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu news Bulletin

**Time** 12:30 PM

Date: 03-August-2026

---

**Opening**

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
دوپہر کے **12** بجکر **30** منٹ ہوئے ہیں
خبروں کا بلیٹن لیکر میں مشاہد حسین

................

ایل جی
لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ تاریخ، تہذیب اور ثقافت سے متعلق کتابیں نسلوں کے درمیان پُل کا کام کرتی ہیں۔ وہ ڈاکٹر اے ایچ شاہ کی تحریر کردہ کتاب ''شاردا سے سنسد'' کی رسم رونمائی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ ایل جی نے کہا ہے کہ ڈاکٹر اے ایچ شاہ کی تصنیف ہمیں یاد دِلاتی ہے کہ تاریخ اور ثقافت کبھی ختم نہیں ہوتیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ شاردا نے معاشرے کی دانش و حکمت کی آبیاری کی اور پارلیمنٹ نے قوم کی اُمنگوں کو پورا کرنے کے لئے کام کیا ہے۔

----Byte-----

................

عاقب نبی
جموں وکشمیر سے تعلق رکھنے والے تیز گیند باز عاقب نبی کو سری لنکا کے خلاف کھیلی جانے والی **2** ٹیسٹ کرکٹ میچوں کی سیریز کیلئے بھارتی کرکٹ ٹیم میں شامل کئے جانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ انہیں ٹیم میں جسپریت بمراہ کے متبادل کے طور منتخب کیا گیا ہے۔ واضح رہے جسپریت بمراہ گھٹنے میں چوٹ لگنے کی وجہ سے اس سیریز میں شرکت نہیں کر پائیں گے۔ **29** سالہ عاقب نبی نے سال **2025-26** کا

رانجی ٹرافی ٹائٹل جموں وکشمیر کے نام کرانے میں اہم رول ادا کیا تھا۔انہوں نے پوری سیریز میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 60 وکٹیں حاصل کیئے تھے۔بھارت اور سری لنکا کے درمیان ہونے والی اس سیریز کا پہلا میچ 15 اگست سے جبکہ دوسرا میچ 23 اگست سے شروع ہوگا۔

................

سی ایم مبارک

وزیراعلیٰ عمرعبداللہ نے کشمیر سے تعلق رکھنے والے مِکسڈ مارشل آرٹ فائٹر اویس یعقوب کو Bulgaria میں منعقد ہوئے Brave CF 107 میں شاندار جیت حاصل کرنے پر انہیں مبارکباد دی ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں اس کامیابی کو جموں کشمیر اور قوم کیلئے باعثِ فخر قرار دیتے ہوئے وزیراعلیٰ نے اُویس یعقوب کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کیا۔واضح رہے کہ اُویس یعقوب نے IMMAF میں دو بار عالمی چیمپئن رہے Delvan Georgiev کو ہرادیا۔

................

فنڈس

سرکار نے اننت ناگ ضلع میں اہم مذہبی مقامات کی تجدیدکاری اور تحفظ کیلئے 10 کروڑ 95 لاکھ روپے کی منظوری دی ہے۔اس رقم سے 5 کروڑ 3 لاکھ روپے زیارت شریف کھرم جبکہ 5 کروڑ 92 لاکھ روپے شیومندر بجبہاڑہ کی تجدیدکاری پر خرچ کیئے جائیں گے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعلیٰ کے دفتر نے جانکاری دیتے ہوئے کہا ہے کہ ان پروجیکٹوں سے دونوں مقامات کے ثقافتی ورثے کو تحفظ ملنے کے علاوہ عقیدتمندوں کیلئے جدید سہولیات دستیاب رہیں گی۔

................

اسکیم

حکومت نے پلوامہ قصبے کے لوگوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے اور علاقے میں سپلائی کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کی غرض سے 18 کروڑ 98 لاکھ روپے کی واٹر سپلائی اسکیم کو منظوری دی ہے۔ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ حکومت لوگوں کے معیارِ حیات کو بہتر بنانے کیلئے وعدہ بند ہے۔اِدھر جموں وکشمیر سرکار نے 19 کروڑ 61 لاکھ روپے کے ایک جامع سیوریج منصوبے کو بھی منظوری دی ہے۔اس منصوبے کے تحت احمد نگر ،پاندچھ،الٰہی باغ،90 فٹ رنگپورزکورہ اور گلاب باغ میں جدید سیوریج نظام قائم کیا جائے گا۔

................

اٹل ڈلو

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کولگام کے کاکرن علاقے میں ماتا کانتیانی بھگوتی استھاپن کی تاریخی دھرم شالہ کی بحالی اور مرمت کے منصوبے کا سنگ بنیاد رکھا۔ جس پر 2 کروڑ 84 لاکھ روپے لاگت آنے کا اندازہ ہے۔ اس موقعے پر اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے تاریخی ورثے کے مقامات کے تحفظ اور عوامی بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔

...............

یاترا

شری امرناتھ جی یاترا بال تل کے راستے سے جاری ہے۔ آج صبح جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے ایک ہزار 56 یاتریوں پر مشتمل 26واں قافلہ وادی کی جانب روانہ کیا گیا۔ آج دوپہر بارہ بجے تک 4 ہزار 862 یاتریوں نے پوتر گپھا کے درشن کئے۔

...............

شرحِ نمو

معیشت میں رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں 7 فیصد کی شرحِ نمو کی اُمید ہے، جو پہلے کے اندازہ سے زیادہ ہے۔ یہ اندازہ مضبوط تر اقتصادی اندازے، بہتر صنعتی سرگرمیوں اور برآمدات میں بحالی سے ہوتا ہے۔ SBI کی ایک ریسرچ کے مطابق مالی پالیسی کمیٹی رپورٹ سے پہلے کل جاری کی گئی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ شرحِ ترقی سے متعلق اس تخمینے سے بھارتیہ ریزروبینک کے اس سے پہلے کے تخمینوں میں بہتری ظاہر ہوتی ہے۔

...............

ادبی مرکز

ادبی مرکز کمراز کا ماہانہ اجلاس مرکز کے صدر کی سربراہی میں منعقد ہوا۔ اجلاس کے دوران بتایا گیا کہ مرکز کے اہتمام سے اگلے ماہ کی 5 اور 6 تاریخ کو سالانہ کشمیری کانفرنس بانڈی پورہ ضلع کے حاجن قصبے میں منعقد ہوگی۔ اس دوران کئی فنکاروں کو ادب وفن کے تئیں اُن کی خدمات کیلئے ایوارڈ سے نوازنے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔

...............

مضمون نویسی

بھارت کی 80 ویں یومِ آزادی کے موقعے پر محکمہ اطلاعات ونشریات مختلف مقابلوں میں شرکت کرنے کیلئے جموں وکشمیر کے 13 سال اور اس سے زائد عمر کے نوجوانوں کو مدعو کررہا ہے۔ یہ مقابلے پہلی اگست سے 10 اگست تک منعقد ہورہے ہیں۔ان مقابلوں میں نیشنل انتھم سنگنگ ، Essay Writing اور ڈرائنگ کمپٹیشن شامل ہیں۔امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والوں کو پہلی ،دوسری اور تیسری پوزیشن کیلئے بالترتیب 10 ہزار ،ساڑھے 7 ہزار اور 5 ہزار روپے نقد انعام کے طور دیا جائے گا۔

................

این ایس ڈی اطلاع

آکاشوانی سے ہر شام 6 بجکر 25 منٹ پر نشر ہونے والے کشمیری خبروں کے قومی بلیٹن کے نشریے کا وقت تبدیل کر دیا گیا ہے۔یہ بلیٹن اب کل یعنی 4 اگست منگلوار سے ہر دن شام 6 بجکر 15 منٹ پر نشر ہوا کرے گا۔

................

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خداحافظ